
# سیفگارڈنگ ایڈلٹس



مطلع کریں اگر آپ یا آپ کے کسی جاننے والے کے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہے، لاپرواہی برتی جاتی ہے یا استحصال کیا جاتا ہے

Derbyshire Safeguarding Adults Board

## اگر میں کسی تشویش کی اطلاع دیتا ہوں تو کیا ہوگا؟

**اگر آپ ہمیں کسی تشویش کی اطلاع دیتے ہیں تو ہم:**

- یہ معلوم کرنے کے لیے اس شخص سے جو خطرے میں ہے بات کر سکتے ہیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔
- اس شخص کا جو خطرے میں ہے کوئی وکیل (ایسا شخص جو ان کی نمائندگی کر سکے) رکھنے میں تعاون کر سکتے ہیں، اگر انہیں ضرورت ہو۔
- پیشہ ورانہ اور حساس طریقہ سے جواب دے سکتے ہیں اور کسی بھی تشویش کو سنجیدگی سے لے سکتے ہیں۔
- اگر کسی جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے تو پولیس سے بات کر سکتے ہیں۔
- ایسی دیگر ایجنسیوں سے بات کر سکتے ہیں جنہیں شامل کیے جانے کی ضرورت ہے۔
- دیگر قسم کے تعاون سمیت، مدد کرنے کے بہترین طریقہ پر اتفاق کر سکتے ہیں۔

**اگر کوئی حفاظتی انکوائری مدد فراہم کرنے کا بہترین طریقہ ہے تو ہم:**

- متعلقہ شخص کو محفوظ رکھنے میں مدد دینے کے لیے اس کے ساتھ کام کریں گے
- تشویشات پر غور کرنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کریں گے
- اس شخص کے ساتھ اس چیز کی جانچ کریں گے کہ آیا وہ ہوا ہے جو وہ چاہتے تھے۔

اگر وہ شخص مدد کا انکار کرتا ہے، لیکن دوسرے لوگ خطرے میں ہو سکتے ہیں تو ہمیں موزوں کارروائی کرنے کی ضرورت ہوگی۔ تاہم، ہم کی جانے والی کسی بھی کارروائی کے بارے میں انہیں باخبر رکھیں گے۔

**میکنگ سیفگارڈنگ پرسنل (MSP)** کا مطلب ہے شروع سے آخر تک سیفگارڈنگ سے متعلق کسی بھی انکوائری کے دوران اس شخص کو ہر اس چیز کے مرکز میں رکھنا جو ہم کرتے ہیں۔

ڈربی شائر سیفگارڈنگ ایڈلٹس بورڈ یہ یقینی بنانے کے لیے سخت محنت کر رہا ہے کہ سیفگارڈنگ کی کارروائی کے دوران ہر بالغ فرد کے ساتھ اسی طرح کا برتاؤ کیا جائے۔

## اپنی تشویشات کی اطلاع کس طرح دیں

کسی ایمرجنسی کی صورت میں محفوظ رہیں اور پولیس سے رابطہ کریں، ٹیلیفون **999**۔

اگر متعلقہ شخص کسی خطرے میں نہ ہو لیکن کوئی جرم ہوا ہو تو پولیس سے رابطہ کریں، ٹیلیفون **101**۔

اگر آپ بہرے ہیں، اونچا سنتے ہیں، آپ کی قوت سماعت تلف ہو گئی ہے، یا قوت گویائی ختم ہو گئی ہے تو آپ اپنے فون سے **999** پر متنی پیغام بھیج کر **ایمرجنسی ایس ایم ایس (emergencySMS)** کا استعمال کر سکتے ہیں یا متعلقہ ایپ یا ٹیکسٹ فون سے **18000** ڈائل کرتے ہوئے نیکسٹ جنریشن ٹیکسٹ (NGT) ریلے اسسٹینٹ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ **ٹیکسٹ ریلے ٹیکسٹ-ٹو-اسپیچ** اور **اسپیچ-ٹو-ٹیکسٹ** ترجمہ کی خدمات پیش کرتا ہے۔

اگر آپ اپنے یا کسی اور کے ساتھ بدسلوکی کیے جانے یا لاپرواہی برتے جانے کے بارے میں فکرمند ہیں تو برائے مہربانی کال ڈربی شائر (Call Derbyshire) سے رابطہ کریں، ٹیلیفون **01629 533190**۔

آپ اپنے نام کا انکشاف کیے بغیر ہی گمنام طور پر کال ڈربی شائر کو فون کر سکتے ہیں۔

اگر آپ برطانوی اشارتی زبان (BSL) کے استعمال کو ترجیح دیتے ہیں تو آپ **SignLive** ویڈیو ترجمان کا استعمال کرتے ہوئے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ خدمت پیر تا جمعہ 8 بجے صبح سے 6 بجے شام تک دستیاب ہے۔ یہ آپ کے گھر سے ہم سے رابطہ کرنے کے لیے مفت ہے۔

آپ کو ڈربی شائر سیفگارڈنگ ایڈلٹس بورڈ ( Derbyshire Safeguarding Adults Board) کی ویب سائٹ **www.derbyshiresab.org.uk** پر مزید معلومات مل سکتی ہے



# بدسلوکی اور لاپرواہی کیا ہے؟

**تنظیمی بدسلوکی** میں شامل ہیں کسی نگہداشت والے ماحول میں جیسے کسی ہسپتال، کیئر ہوم، یا کسی شخص کے اپنے گھر میں لاپرواہی اور ناکافی پیشہ ورانہ پریکٹس۔ یہ کوئی ایک بار پیش آنے والا معاملہ، بار بار پیش آنے والے معاملات یا جاری برا برتاؤ بھی ہو سکتا ہے۔ مثالوں میں شامل ہیں انفرادی نگہداشت، تقسیم شدہ معمولات کا نہ ہونا، اور تحریک اور ذاتی وقار کے لیے احترام کا نہ ہونا۔

**ذاتی لاپرواہی** اس وقت ہو سکتی ہے جب کوئی شخص خود کی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہو اور/یا ایسا کرنے یا دوسروں کو ایسا کرنے کی اجازت دینے کے لیے تیار نہ ہو۔

**گھریلو بدسلوکی** میں شامل ہیں گرفت رکھنے، جبری یا دھمکی آمیز رویہ کا کوئی معاملہ یا معاملات کا انداز، 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ایسے لوگوں کے مابین تشدد یا بدسلوکی جو اپنی جنس یا جنسیت سے قطع نظر قریبی پارٹنرز یا خاندان کے افراد ہوں یا رہے ہوں۔ اس میں نام نہاد 'وقار' پر مبنی تشدد، زنانہ اعضاء تولید کا مثلہ اور جبری شادی شامل ہیں۔

**مالی بدسلوکی** اس وقت ہوتی ہے جب کوئی شخص پیسے یا املاک کا غلط استعمال کرتا ہے یا چراتا ہے۔ اس میں دھوکادہی یا فریب، لوگوں کو پیسے دینے یا چیزوں کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جانا، منافع کا غلط استعمال اور پیسے تک رسائی حاصل کرنے سے روک دیا جانا شامل ہے۔

**نفسیاتی یا جذباتی بدسلوکی** اس میں شامل ہیں کسی کے اوپر چیخا جانا، مذاق اڑایا جانا، دھونس جمایا جانا، دھمکی دیا جانا یا خوف دلانے یا ڈرانے کے ذریعہ گرفت میں رکھا جانا۔

**جسمانی بدسلوکی** میں شامل ہیں مارا جانا، تھپڑ مارا جانا، لات مارا جانا، چٹکی لینا، غیر مجاز نظربندی یا جبرا کھلایا جانا۔

**جنسی بدسلوکی** میں شامل ہیں جسم کے کسی حصہ کا جنسی لحاظ سے چھوا جانا جب کہ کوئی شخص اس سے اتفاق نہ کرتا ہو یا اتفاق نہ کر سکتا ہو۔ اس میں شامل ہیں کسی کو چھونے یا کسی دوسرے کو بوسہ دینے پر مجبور کرنا، زنا بالجبر کیا جانا، جنسی عمل یا مواد دیکھنے پر مجبور کیا جانا یا جنسی تبصرے سننے پر مجبور کیا جانا، جب کہ کوئی شخص اس سے اتفاق نہ کرتا ہو یا اتفاق نہ کر سکتا ہو۔

**امتیازی بدسلوکی** اس وقت ہوتی ہے جب لوگ ہراساں کیے جاتے ہیں، رسوا کیے جاتے ہیں یا ان چیزوں کی وجہ سے ان کے ساتھ غیر منصفانہ برتاؤ کیا جاتا ہے: عمر، ثقافت، دماغی صحت سے متعلق ضروریات، معذوری، جنس، دوبارہ جنسی تفویض، حمل، شادی یا سول پارٹنرشپ، نسل، جنسی رجحان یا مذہب یا عقیدہ۔

**جدید غلامی** کی بہت سی شکلیں ہو سکتی ہیں جن میں شامل ہیں لیکن یہ صرف انہیں تک محدود نہیں ہے جنسی استحصال، جبری مزدوری، گھریلو محکومیت یا غلامی۔

**لاپرواہی اور نظر انداز کرنے کا عمل** اس وقت ہوتا ہے جب طبی، جسمانی اور/یا جذباتی ضروریات کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اس میں شامل ہو سکتے ہیں موزوں طبی اور سماجی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت نہ دیا جانا، کھانا یا پینا روک لیا جانا یا گیلے یا گندے کپڑوں میں چھوڑ دیا جانا۔

'ہم سب ڈربی شائر میں لوگوں کو خوف، نقصان اور بدسلوکی سے پاک زندگی جینے کا اہل بنانے کے لیے ایک ساتھ کام کریں گے'

کچھ مواد ویسٹ سسیکس (West Sussex)، برائٹن و ہو (Brighton & Hove) اور ایسٹ سسیکس (East Sussex) بورڈوں کی اجازت سے دوبارہ پیش کیا گیا ہے

# بدسلوکی کسی کے ساتھ بھی ہو سکتی ہے...

## سیفگارڈنگ

سیفگارڈنگ کا مطلب ہے لوگوں کی حفاظت کرنا تاکہ وہ محفوظ رہیں اور خوف، نقصان اور بدسلوکی سے پاک زندگی جی سکیں۔ یہ بدسلوکی اور لاپرواہی کو روکنے کے لیے لوگوں اور تنظیم کے ایک ساتھ کام کرنے سے متعلق ہے۔

## بدسلوکی اور لاپرواہی کے خطرے میں کون ہو سکتا ہے؟

وہ لوگ جو 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں، **نگہداشت اور تعاون سے متعلق ضروریات** رکھتے ہیں اور اپنی نگہداشت اور تعاون سے متعلق ضروریات کی وجہ سے اپنی حفاظت کرنے سے قاصر ہیں۔

**نگہداشت اور تعاون سے متعلق ضروریات** کسی شخص کی عمر، جسمانی یا آموزشی معذوری، دماغی صحت سے متعلق ضروریات یا دیگر بیماریوں سے متعلق ہو سکتی ہیں، اور اس پر غور کیا جا سکتا ہے کہ آیا متعلقہ شخص کو خدمات موصول ہو رہی ہیں یا نہیں۔

بدسلوکی اور لاپرواہی **کہیں بھی** پیش آسکتی ہے۔
**کوئی بھی شخص** بدسلوکی کا باعث بن سکتا ہے۔

## آپ بدسلوکی اور لاپرواہی کو روکنے میں مدد کر سکتے ہیں:

- ایمرجنسی کی صورت میں یا اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کوئی جرم ہوا ہے، **999** پر کال کریں۔
- متعلقہ شخص کو بتائیں کہ مدد دستیاب ہے۔
- اس شخص سے یہ معلوم کرنے کے لیے بات کریں کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔
- **بدسلوکی کی اطلاع دیں** آپ بدسلوکی کو ختم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

برائے مہربانی رابطہ کی تفصیلات ورق کی پشت پر دیکھیں۔